حزقیال 28-21:37 زبور (ارمیا) 13-10:31

مقدس یوحنا 56-45:11

**"یسوع قوم کے لئے مرے گا"۔ مقدس یوحنا 51:11**

اے خداوند یسوع مسیح ہم تجھے سجدہ کرتے اور تیرا شکر بجالاتے ہیں تو نے اپنی موت کے ذریعے دُنیا کو بچالیا۔ تو میرے اور سب کے لئے مُوا۔ یہ ہی وجہ ہے سب کو بغیر فرق کے پیار کرنے کی۔ تجھے معلوم تھا کہ تجھے مرنا تھا۔ کیونکہ تیری موت نے ہماری موت کو نگلنا تھا تا کہ اس طرح ہم آزادی کے ساتھ تیرے جی اُٹھے کی زندگی بسر کرسکیں۔





اشعیا 7-4:50 زبور: 21

فلپیوں 11-6:2 مقدس متی 66،27،14:27

**"تو جو ہیکل کو برباد کرتا ہے۔ اپنے آپ کو بچا"۔ مقدس متی 40:27**

آج وہ گدھے پر سوار ہے اَور لوگ اس کے سامنے ہوشعنا گا رہے ہیں۔ ہم لوگوں کے سرداروں کی طرح کفر نہیں دہرانا چاہتے۔ یسوع اپنے آپ کو نہیں بلکہ اپنی موت سے ہمیں بچانا چاہتا ہے۔ صلیب پر اسے سجدہ کریں اور اس پر اپنی تمام تر محبت نچھاور کریں۔

اشعیا 42:1-7 زبور:26

## مقدس یوحنا 12:1-11

**''اسے رہنے دو۔اس نے میرے دفن کے روز کے لئے یہ رکھا تھا''۔مقدس یوحنا 12:7**

پاک ہفتے کا آغاز خداوند یسوع مسیح کی محبت میں کیئے گئے کام پر دھیان کرتے ہوئے شروع کرتے ہیں۔صرف وہی سمجھتا ہے اور اسے خدا کی پیشن گوئی سمجھ کر قبول کرتا ہے۔دوسرے اس پر فضول تنقید کرتے ہیں بے پھل کہتے ہیں۔خداوند اس کھلے عطردان کو پسند کرتا ہے۔اس کی قبر کو خوشبودار بنانے کے لئے جیسے ایک شادی کا تیار کیا گیا کمرہ ہو۔جہاں سب سے بہترین محبت بانٹی جاتی ہے۔





### مقدس سیویل کا اسیدور

اشعیا 49:1-6 زبور:70

## مقدس یوحنا 13:21-33,36-38

**''تم میں سے ایک میرے ساتھ غداری کریگا۔مقدس یوحنا 13:21**

یہ ان بارہ میں سے ایک ہے جن کو یسوع نے چنا اور پیار کیا۔بالکل یہ ہی وہ ہوگا جو یسوع کو پکڑوائے گا۔خداوند یسوع مسیح کا یہی انکشاف ہمیں ہمیشہ ہوشیار رکھے گا۔آج اس سال مَیں بھی ان میں سے کوئی ہوسکتا ہوں۔میں حلیمی سے جینا چاہتا ہوں اور معافی مانگنے کی کوشش میں لگا رہوں گا۔

## سینٹ ونسنٹ فیریر

اشعیا 50:4-9 زبور:68

مقدس یوحنا 26:14-25

**''وہ اس وقت سے اس کے پکڑوانے کا موقع ڈھونڈنے لگا''۔مقدس متی 26:16**

یہ تیسرا دن ہے جس میں ہم یہودہ کی غداری کی وجہ سے جذباتی ہو گئے ہیں۔ اس کے دل میں پیسے کا پیار تھا۔ جہاں پیسہ ہو وہاں خداوند اور انسان کی محبت کی کوئی جگہ نہیں ہوتی اور یسوع خدا اور انسان کو بیچا اور خریدا جاتا ہے۔ لیکن وہ ان کاموں سے مبرّا ہے۔ کیونکہ وہ خود اپنے آپ کو راز داری سے پیش کرتا ہے۔





## پاک کرسمہ کی ماس۔خُداوند کے آخری کھانے کی پاک عبادت

خروج 12:1-8,11-14 زبور115

1۔قرنتیوں 11:23-26 مقدس یوحنا 13:1-15

**''میں نے تمہیں نمونہ دیا۔تا کہ جیسا میں نے تمہارے ساتھ کیا ویسا ہی تم بھی کیا کرو''۔یوحنا13:15**

خداوند یسوع ہمیں آخر تک پیار کرتا ہے اور ایک انوکھے پیار کا مزا چکھاتا ہے اور ہمیں بھی ایسا پیار کرنے کے قابل بناتا ہے۔ میں اِسی کی طرح پیار کرسکوں گا۔ بھائیوں کو پاک کرنا اور ان کی مدد قبول کر کے اس کے بدن اور خون سے زندہ رہونگا۔اس کے ساتھ ایک ہو جاؤنگا۔

**اشعیاہ 12:53,13:52** **زبور 30**

**عبرانیوں 4:14-16؛5:7-9** **مقدس یوحنا 42:19-1:18**

**''صلیب اُٹھا کر وہ جلجتہ کی طرف روانہ ہوا''۔ مقدس یوحنا 17:18**

خداوند یسوع مسیح کے منہ اور دل سے کوئی شکایت نہ نکلی۔ وہ عورتوں سے ملے گا اور شمعون قرینی کی مدد قبول کریگا۔ زمین پر گریگا اور اسے چومے گا۔ تا کہ زمین پر میرے قدم اُس کی نجات بخش محبت حاصل کرسکیں۔

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------





**تکوین: 1-2 یا 31-26,1:1** **زبور 111**

**رومیوں 11-3:6** **مقدس متی 10-1:28**

**''پس آؤ ہم پورے بھروسے کے ساتھ فضل کے تخت کے قریب جائیں''۔ عبرانیوں 16:4**

قبر پر مہر کیا ہوا یسوع انتظار کرتا ہے۔ یہ مردوں کی جگہ ہے جو آخر کار اسے دیکھ کر خوش ہوتے ہیں۔ اس کا منہ بند ہے۔ لیکن وہ گانے کے لئے اپنا منہ کھولتے ہیں۔ میں کیا کرتا ہوں؟ کیا اس کے ساتھ خاموش رہوں یا پھر ان کے ساتھ گانے کی کوشش کروں؟

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

## صُبح کی عبادت

**رسولوں کے اعمال 42-37,34:10 — زبور 117**

**کلسیوں 4-1:3 — مقدس یوحنا 9-1:20**

**"یسوع خود اُن کے قریب آ گیا"۔ مقدس لوقا 15:24**

یہ جملہ شام کی ماس کی انجیل میں ہے۔ یسوع عماؤس کو جانے والے راستہ پر دو شاگردوں کے قریب آ جاتا ہے اَور وہ یروشلم سے دور ہو گئے۔ وہ اسے پہچان نہیں سکتے کیونکہ وہ جی اُٹھا ہے۔ وہ زندہ ہو گیا ہے۔ جس سے وہ ناواقف ہیں۔ پھر یسوع کتنی دفعہ میری مشکل کی گھڑیوں میں میرے قریب آیا ہے لیکن میں اسے پہچان نہیں پایا۔





**رسولوں کے اعمال 33-22,14:2 — زبور: 15**

**مقدس متی 15-8:28**

**"عورتیں خوشی سے قبر سے روانہ ہو کر اس کے شاگردوں کو خبر سنانے دوڑیں"۔ مقدس متی 8:28**

یہ معمول کے مطابق نہیں کہ عورتیں دوڑیں ان کی خوشی در حقیقت بہت بڑی ہونی چاہیے اس کے پاس اتنی خوشی کی خبر ہے کہ انہیں دوڑنا چاہیے۔ یہ خبر اتنی خوبصورت ہے کہ ان پر کوئی یقین ہی نہیں کریگا۔ کیا لوگ اس قابل ہیں کہ اتنی خوبصورت اور بڑی خوشی کی خبریں قبول کر سکیں؟

## مقدس ستینیلاؤ

**رسولوں کے اعمال 2:36-41** — **زبور 32**

**مقدس یوحنا 20:11-18**

**"وہ میرے خداوند کو اُٹھا لے گئے ہیں"۔ مقدس یوحنا 20:13**

مریم مگدلینی کے الفاظ بظاہر سچے لگ رہے ہیں۔ یہ سچ ہے کہ یسوع کا بدن وہاں نہیں لیکن یہ درست نہیں کہ اسے کوئی اُٹھا لے گیا ہو۔ مجھے محتاط رہنا ہوگا جب میں بات کروں تو کسی کو اس کا قصوروار نہ ٹھہراؤں جو اس کا قصور ہے ہی نہیں۔





**رسولوں کے اعمال 3:1-10** — **زبور 104**

**مقدس لوقا 24:13-35**

**"اے نافہموں اور نبیوں کی سب باتوں کے ماننے میں سست اعتقادو!"۔ مقدس لوقا 24:25**

ہم اپنے سفر کے ہمراہی سے یہ الفاظ سُنتے ہیں۔ یہ درحقیقت نافہم ہیں۔ وہ نہ تو نبیوں کی باتوں کی اور نہ ہی خداوند کی باتوں کی کوئی قدر کرتے ہیں۔ جس کی موت پر روتے ہیں۔ اُس نے ان سے کہا تھا کہ وہ تیسرے دن جی اُٹھے گا۔

## مقدس مارٹن اوّل

رسولوں کے اعمال 3:11-26 زبور 8

مقدس لوقا 24:35-48

**”تم اس گے گواہ ہو“۔ مقدس لوقا 24:48**

خداوند یسوع مسیح اپنوں سے مخاطب ہوتا ہے۔ انہیں ایک نئی ذمہ داری دی جاتی ہے۔ وہی ساری دُنیا کو بتائیں گے جو انہوں نے دیکھا اور سنا یعنی اس کی موت اور جی اُٹھنا۔ اس طرح وہ قوموں کو ایمان لانے اور معافی حاصل کرنے میں مدد دیں گے۔





رسولوں کے اعمال 4:1-12 زبور: 117

مقدس یوحنا 21:1-14

**”کسی کو جرأت نہ ہُوئی کہ اُس سے پوچھیں کہ : تُو کون ہے“۔ مقدس یوحنا 21:12**

اُس نے اُنہیں کھانے کی دعوت دی۔ وہ وہی تھا لیکن اُنہیں پتہ نہیں تھا۔ انہوں نے اپنی آنکھوں سے نہ کانوں سے اسے پہچانا۔ یسوع کو دوسرے طریقے سے یعنی دل کے ساتھ بھی پہچانا جا سکتا ہے۔

**رسولوں کے اعمال 21-13:4** — **زبور 117**

**مقدس مرقس 15-9:16**

**"یہ سن کر کہ وہ زندہ ہے۔یقین نہ کیا"۔مقدس مرقس 11:16**

مریم مگدلینی نے حکم مانا۔ یہاں ہے۔اپنے بے اعتقاد رسولوں کے سامنے کیسے ایسی انہونی اور بے خود کر دینے والی خبر کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ میں نے بھی تب ہی پہچانا جب اس نے میرے دل کو چھوا۔





## الٰہی رحم کا اتوار

**رسولوں کے اعمال 47-42:2** — **زبور 117**

**1۔پطرس 9-3:1** — **مقدس یوحنا 31-9:20**

**"مُبارک ہیں وہ جو بن دیکھے ایمان لائے"۔مقدس یوحنا 29:20**

اے خداوند یسوع مسیح تیرا شکریہ تُو مجھے بھی مُبارک ٹھہراتا ہے۔جس نے تجھے جی اُٹھا نہیں دیکھا۔لیکن پھر بھی تجھ سے بات کی۔مگر تو مجھ سے خاموشی کی آواز میں ہم کلام ہوا۔میَں درحقیقت مُبارک ہوں یعنی خدا کے قریب اور تیرا رحم درحقیقت میرے لئے اور سب کے لئے الٰہی ہے۔

**رسولوں کے اعمال 4"23-31** — **زبور:2**

**مقدس یوحنا 3:1-8**

**''جو روح اور پانی سے پیدا نہیں ہوتا وہ خدا کی بادشاہی میں داخل نہیں ہوسکتا''۔ مقدس یوحنا 3 : 5**

خداوند یسوع مسیح نیقو دیمس سے مخاطب ہے۔ان میں سے جو سوچتے تھے کہ خدا کی بادشاہی کا فرد ہونا ان کا حق ہے۔لیکن بادشاہی میں داخل ہونے کے لئے اسے ایک نئی زندگی میں قدم مارنا ہوگا۔اسے روح اور حلیمی میں بپتسمہ لینا ہوگا۔ یہ بادشاہی ان کی ہے جو خدا کے بیٹے کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔





**رسولوں کے اعمال 4:32-37** — **زبور 92**

**مقدس یوحنا 3:7-15**

**''ابنِ انسان بھی بلند کیا جائے''۔مقدس یوحنا 3:14**

خداوند یسوع مسیح نیقو دیمس کو یہ حقیقت سونپتا ہے کہ انسانوں کو نجات کی ضرورت ہے۔ایسے جنگل میں سانپ سے ڈسنے اور پھر اپنی آنکھیں اُٹھا کر پیتل کے سانپ کو دیکھنے کے لئے آج اپنی آنکھیں اُٹھاتے ہیں اسے دیکھنے کے لئے جو کہتا ہے۔وہ ایک کرم ہے انسان نہیں جو حلیمی سے چلے گا۔وہ گناہ سے نجات پائے گا۔

رسولوں کے اعمال 5:17-26 زبور: 33

## مقدس یوحنا 3:16-21

**''خدا نے دُنیا کو اس قدر پیار کیا کہ اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا'' مقدس یوحنا 3:16**

اس سے خوبصورت کوئی خبر نہ دی نہ جاسکے گی کہ خدا دُنیا کو پیار کرتا ہے۔ خداوند اپنے دشمنوں کو بھی پیار کرتا ہے۔ اور جو بانی ہے۔ اُس کی محبت ٹھوس ہےَ۔ وہ خداوند یسوع مسیح کی ذات ہے۔ اکلوتا بیٹا جو ہمارے درمیان ہے۔ وہ واحد ہے جو اپنے اندر باپ کی تمام تر محبت سموئے ہوئے ہے۔





رسولوں کے اعمال 5:27-33 زبور: 33

## مقدس یوحنا 3:31-36

**''جو اُوپر سے آتا ہے وہ سب سے اُوپر ہے''۔ مقدس یوحنا 3:31**

جو اوپر سے آتا ہے۔ وہ ہے جو آسمان سے اُترا ہے۔ اوپر سے آتا ہے وہ جو صلیب سے اُترتا ہے۔ کوئی اس سے زیادہ بڑا نہیں جو خداوند سے آتا ہے۔ اور کوئی اس سے زیادہ بڑا نہیں جو اپنے دوستوں کو آخر تک پیار کرتا اور ان کے لئے اپنی جان دیتا ہے۔

## مقدس انسلم

رسولوں کے اعمال 5:34-42 زبور: 26

مقدس یوحنا 6:1-15

**''ہجوم نے وہ کرشمے دیکھے تھے جو اس نے بیماروں پر دکھائے تھے''۔ مقدس یوحنا 6:2**

اے خداوند یسوع مسیح مَیں بھی دیکھتا ہوں کہ جو دُکھ میں ہیں تو اُنہیں پیار کرتا ہے۔ میں دیکھتا ہوں کہ جب وہ تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں تو تیری تسلی دکھ میں کمی اور خوشی بڑھاتی ہے۔ ہم سب سیکھتے ہیں کہ ان کا دکھ تیرے دکھ میں متحد ہو کر نجات کا باعث بنتا ہے۔





رسولوں کے اعمال 1:1-7 زبور: 32

مقدس یوحنا 6:16-21

**''اُور کشتی خود اس جگہ جا پہنچی جہاں وہ جاتے تھے''۔ یوحنا 6:21**

اے خداوند یسوع مسیح جب تجھے قبول کر لیا جاتا ہے تو سب ٹھیک ہو جاتا ہے ہر مسئلہ چھوٹا ہو جاتا ہے۔ جب تو اسے ہاتھ میں لیتا ہے۔ تیری موجودگی در حقیقت ہمیں بچا لیتی ہے۔ اے یسوع تیرا شکریہ آج میرے پاس آ میرے خاندان میں آ۔ میرے پیرش میں آ۔ اور میرے شہر میں آ۔

## مقدس جارج اور مقدس آڈلبرٹ

رسولوں کے اعمال 2:14;22-33    زبور 15

1۔پطرس 1:17-21    مقدس لوقا 24:13-35

### ''لیکن اُن کی آنکھیں بند کی گئی تھیں۔ تا کہ اسے نہ پہچانیں''۔ مقدس لوقا 24:16

اے خداوند یسوع مسیح جب تو زندہ ہوا تو کیا تو ہی تھا؟ پھر تیرے رسول تجھے کیوں نہیں پہچانتے۔ یہ ایک بھید ہے۔ بہت بڑا بھید۔ یہ ایک امر واقعہ ہے کہ تو ایک اجنبی کی مانند خود کو ہمیں پیش کرتا ہے ہمیں یقین کرنے کے لئے مجبور نہیں کرتا۔ تو چاہتا ہے کہ ہمارا ایمان اور محبت بالکل آزاد ہوں۔ میری آنکھوں میں سے وہ تنکا یا شہتیر دُور کر جو میری آنکھوں کو میلا کر رہا ہے۔





## مقدس قیدیلے

رسولوں کے اعمال 6:8-15    زبور:118

مقدس یوحنا 6:22-29

### ''ابدی زندگی کے لئے محنت کرو''۔ مقدس یوحنا 6:27

وہ خوراک جو دیرپا اور ابدی زندگی کو تقویت دیتی ہے تو خود عطا کرتا ہے۔ اور وہ خوراک تو خود ہے۔ تو باپ کی محبت ہے۔ تو ہر روز جب ہمارے اندر آتا ہے جیسے روٹی آتی ہے تو ہمارا دل باپ کی ابدی محبت، اس کی خوشی اور اس کے رحم سے بھر جاتا ہے۔

## مقدس مرقس انجیل نویس (عید)

**1۔پطرس 14-5:5**     **زبور88**

### مقدس مرقس 20-15:16

**''خداوند اُن کے ساتھ کام کرتا رہا۔اور کلام کو نشانوں سے ثابت کرتا رہا''۔مقدس مرقس 20:16**

تُو اپنے رسولوں کو نہیں چھوڑتا بلکہ تو ہمیشہ ان کے ساتھ ہے اور وہ آپکی موجودگی کو بڑے بڑے نشانوں سے ثابت کروائیں گے۔ مقدس مرقس ہمیں یہ بتاتا ہے کہ اس نے یہ نشان دیکھے جب پطرس روم میں منادی کرتا تھا۔اور پھر جب وہ خود تیری بادشاہی کی منادی کرتا تھا۔





**رسولوں کے اعمال 8-1:8**     **زبور:65**

### مقدس یوحنا 40-35:6

**''جو میرے پاس آتا ہے وہ کبھی بھوکا نہ ہوگا''۔یوحنا 35:6**

اے خداوند یسوع مسیح تو اب جس بھوک کا ذکر کرتا ہے۔ یہ وہ بھوک نہیں جو ہمیں کھانے کی میز پر بٹھاتی ہے۔تُو جانتا ہے کہ ہماری بھوک روحانی ہے۔ہماری خواہشات صرف تو ہی پوری کر سکتا ہے۔

تو ہی ہمارے آسمانی باپ کی محبت ہمیں عطا کرنا جانتا ہے۔ جو کامل تحفہ ہے۔تیرا شکر یہ کہ ہم تیرے پاس آ سکتے ہیں۔

رسولوں کے اعمال 8:26-40 زبور:65

مقدس یوحنا 6:44-51

**"میں وہ زندہ روٹی ہوں جو آسمان سے اُتری ہے"۔ مقدس یوحنا 6:51**

اے خداوند یسوع مسیح تو اس روٹی کی بابت کلام کرنا جاری رکھتا ہے۔ وہ روٹی جو ہمارے اندر ابدی زندگی پاکیزگی اور حقیقی خوشی کو تقویت دیتی ہے۔ تو ہماری زندگی کی خوراک ہے۔ تو ہم میں پیار کرنے، معاف کرنے، برداشت کرنے اور خوش ہونے کی صلاحیت بڑھاتا ہے۔ تیرا شکریہ اے یسوع۔





**مقدس لوئیس۔ پیٹر چینل۔ جتینا**

رسولوں کے اعمال 9:1-20 زبور:116

مقدس یوحنا 6:52-59

**"جو مجھ سے کھائیگا وہ ہمیشہ زندہ رہے گا"۔ مقدس یوحنا 6:57**

اے خداوند یسوع مسیح جب میں تیری روٹی کھاتا ہوں تو تجھ سے غذائیت حاصل کرتا ہوں اور مجھ میں تیری موجودگی کی وجہ سے میری زندگی حقیقی اور پاک بن جاتی ہے۔ میں تیرا مشکور ہوں۔ تو میرے خیالوں، میرے کاموں اور میری خواہشات میں کارفرما ہو۔ تاکہ ان میں تیرے لوگوں کو جگہ دے سکوں۔

## مقدسہ کیتھرین آف سی اینا یورپ اٹلی کی مربیہ

**1۔یوحنا 2:2:5:1**    **زبور:102**

**مقدس متی 30-25:11**

**”اے سب تھکے ماندو اور بوجھ سے دبے ہوؤ میرے پاس آؤ میں تمہیں آرام دوں گا“۔مقدس متی 28:11**

اے خداوند یسوع مسیح میں اپنی مرضی سے تیرے پاس آتا ہوں اور میں بھائیوں کے ساتھ تیرے پاس آتا ہوں۔ہمیں تیرے نور، تیرے امن، تیرے حکمت کی ضرورت ہے۔تاکہ ہم تیرے رحم سے خوش ہوسکیں۔ تیرا آرام ہمارے لئے نئی اور مقدس زندگی ہوگی۔ تیرے پاس ایسے ہی آتا ہوں جیسے ہماری مقدسہ کیتھرین آف سی اینا بڑے حوصلے اور فیصلے کن انداز سے تیرے پاس آئی تھی۔





**رسولوں کے اعمال 41-36,14:2**    **زبور:22**

**1۔پطرس 25-20:2**    **مقدس یوحنا 10-1:10**

**”میں دروازہ ہوں“۔مقدس یوحنا 9:10**

اے یسوع تُو خود کو ہم پر آشکارہ کرتا ہے۔تاکہ ہم تجھے پیار کرسکیں۔تو وہ دروازہ ہے جس کے ذریعے ہم باپ کے دل میں داخل ہوتے ہیں۔تو وہ دروازہ ہے جو بھائیوں کو جاننے اور اُنہیں پیار کرنے کی طرف کھلتا ہے۔تو وہ دروازہ ہے۔جو مختلف آزمائشوں کے لئے بند ہوتا ہے۔جو زندگی میں ہمیں بھٹکا دیتی ہیں۔تو وہ دروازہ ہے جو بھلے کھلے یا بند ہو کبھی ہمیں دھوکا نہیں دیتا۔